MCB Islamic

سکّہ باقاعدہ

پیسے کا بہتر استعمال

# مالیاتی تعلیم
## کی تربیت

## (Financial Literacy)

January-2017

ADB

STATE BANK OF PAKISTAN

Last updated as of 15-June-2017

# پیش لفظ

اسٹیٹ بینک آف پاکستان تربیتی مواد کی معلومات کی درستگی کی ضمانت نہیں دیتا اور نہ اس کے استعمال اور کسی بھی طرح کے نتائج کا ذمہ دار ہے۔

کتابچے کے مختلف حصوں کو مقامی ضروریات کے تحت دوبارہ بنایا جاسکتا ہے، ترجمہ کیا جاسکتا ہے اور استعمال بھی کیا جاسکتا ہے بصورت کہ اس کو مفت یا بغیر منافع کے تقسیم کیا جائے۔ لیکن ضروری ہوگا کہ تبدیلی کرتے وقت کتابچے کی معلومات اور تقدس کو بحال رکھا جائے۔ اگر آپ مواد کا ترجمہ کسی دوسری زبان میں کرنا چاہتے ہیں برائے مہربانی اسٹیٹ بینک آف پاکستان کو مطلع کریں۔

بہت زیادہ تبدیلی کے لیے اسٹیٹ بینک آف پاکستان سے تحریری اجازت ضروری ہوگی جس کے لیے آپ رابطہ کرسکتے ہیں:


**اسٹیٹ بینک آف پاکستان**

آئی آئی چندریگر روڈ،


کراچی پاکستان

ٹیلی فون: 111-727-111-9221+

www.sbp.org.pk

# آؤ پروگرام کو جانیں!

1




گوشوارہ

2




بچت

3




پیسے کا استعمال

4




قرض کا انتظام

5



مالی اداروں تک رسائی

6




صارفین کے حقوق وفرائض


# ایک ملاقات۔سِکو اور اس کے خاندان کے ساتھ







State Bank of Pakistan
ADB

# سمجھ دار کون؟



ایک دن سِکو اور اس کی بیوی گھر کے اخراجات کی وجہ سے جھگڑا کر رہے تھے



اسی دوران دروازہ کھلنے کی آواز آتی ہے اور اس کا دوست سلیم اور اس کی بیوی فاطمہ گھر میں داخل ہوتے ہیں۔
سلیم کہتا ہے، ارے ارے !تم دونوں کس بات پر جھگڑ رہے ہو




سِکو کہتا ہے ''تمھاری وجہ سے''۔ ثُریا کہتی ہے تمہاری اور سلیم کی زمین برابر ہے لیکن پھر بھی تم خوشحال زندگی گزار رہے ہیں اور ہم پریشان رہتے ہیں



سلیم کہتا ہے، بھائی سِکو ! ہمارے گھرانوں کا فرق اس وجہ سے ہے کہ ہماری سوچ الگ ہے۔ میں نے اپنے خاندان کی بہتری کا خواب دیکھا اور اس کیلئے منصوبہ سازی کی۔ کیا تم نے کبھی اپنے خاندان کی بہتری کا خواب دیکھا؟




سِکو کہتا ہے، خواب تو میرے بھی بہت ہیں میں چاہتا ہوں گھر کو پکّا کر لوں/ بہن کی اچھی جگہ شادی ہو جائے/ والد کا مکمل علاج ہو جائے/ بچوں کو بہتر تعلیم دلواؤں لیکن میں یہ نہیں جانتا کہ یہ سب کیسے ممکن ہو سکتا ہے۔



اچھا! آؤ دیکھتے ہیں کہ میرے اور تمہارے گھرانے میں اصل فرق کیا ہے؟

Session-02




میں ہر آنے والے مہینے کا گوشوارہ بناتا ہوں اس طرح مجھے پتہ ہوتا ہے کہ کتنے پیسے خرچ کرنے ہیں
اور کتنے بچانے ہیں۔




میں نے تو کبھی آمدن اور اخراجات کا حساب رکھا ہی نہیں۔




میں ہر ماہ یوٹیلٹی سٹور سے سودا سلف خریدتا ہوں جس سے بازار کے مقابلے میں 10% رعایت مل جاتی ہے۔
میں نے سبزی بھی اپنی زمین میں اگا رکھی ہے جسے ہم گھر میں استعمال کرتے ہیں۔





میں تو گھر کا سودا سلف اور سبزی محلے کی ایک دکان سے ادھار پر لیتا ہوں۔





میری بیوی سلائی کڑھائی کا کام کرتی ہے اور آنے والے پیسوں سے چھوٹی کمیٹی ڈالی ہوئی ہے۔




میری بیوی بھی سلائی کڑھائی کا کام کرتی ہے لیکن وہ تو سارے پیسے خرچ کر دیتی ہے۔




میری بیوی نے کمیٹی کے پیسوں سے ایک بکری خریدی ہے جو ہم بکرا عید پر فروخت کریں گے۔




ہمارا تو مشکل سے گزارہ ہوتا ہے اور کچھ خرید بھی نہیں سکتے۔




میں نے بینک میں کھاتہ کھلوایا ہوا ہے جو بھی پیسے بچتے ہیں وہ بینک میں جمع کروا دیتا ہوں۔





میرے تو خرچے اتنے زیادہ ہیں کہ گلّے میں ڈالنے کے لیے بھی نہیں بچتے بینک میں کھاتہ کیا کھلواؤں گا۔




میں نے کچھ ماہ پہلے بینک سے قرض لے کر زمین میں موٹر پمپ لگا لیا جس کی میں ماہانہ قسطیں وقت پر ادا کرتا ہوں۔ میں نے بیمہ بھی لیا ہوا ہے تا کہ نقصان یا چوری کی صورت میں یہ مجھے تحفظ فراہم کرے۔




مجھ سے تو والد کی بیماری کیلئے لیا گیا ادھار بھی ادا نہیں ہو رہا




Session-02

# ایک نظر۔ سِکو اور ثُریا کی زندگی پر



## ہدایات


اوپر دی گئی تصویر میں درج ذیل کی نشاندہی کریں:

- دائرے کے ذریعہ ◯ آمدن کے ذرائع
- مربع کے ذریعہ ☐ اخراجات کے ذرائع

Session-02

# گوشوارہ کیا ہے؟

"آمدنی اور اخراجات کا حساب رکھنا"




Session-02

# ماہانہ/سالانہ گوشوارہ کیسے بنائیں

## مرحلہ 01:

اندازاً:



مستقل آمدنی

اور



غیر مستقل آمدنی

آپ کے گوشوارے کے لیے


## مرحلہ 02:

آمدنی کا اندازاً استعمال :



تمام ہونے والے اخراجات

+





قرض کی ادائیگی کے لیے درکار رقم

+





کتنی بچت کرنا چاہتے ہیں

## مرحلہ 03:





کل آمدنی

–





کل اخراجات

=








زائد رقم

یا




نقصان

# گوشوارے کا خاکہ

| | پہلا مہینہ | دوسرا مہینہ | تیسرا مہینہ |
|---|---|---|---|
| آمدنی  | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| استعمال | | | |
| کاروباری اخراجات  | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| گھریلو اخراجات  | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| قرض کی ادائیگی  | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| کم مدت کی بچت  | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| لمبی مدت کی بچت  | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| کل اخراجات | | | |
| آمدنی۔اخراجات | | | |


# گوشوارے کے مسائل

پہلا مسئلہ:




ہر ماہ غیر مستقل آمدنی

دوسرا مسئلہ:





اپنے گوشوارے میں رہنا

تیسرا مسئلہ:



آمدنی سے زائد اخراجات

# موسم اور تہوار کا گوشوارے پر اثر



| 1 جنوری | 2 فروری |
|---|---|
| آمدنی | آمدنی |
| اخراجات | اخراجات |





| 3 مارچ | 4 اپریل |
|---|---|
| آمدنی | آمدنی |
| اخراجات | اخراجات |

| 5 مئی | 6 جون |
|---|---|
| آمدنی | آمدنی |
| اخراجات | اخراجات |

| 7 جولائی | 8 اگست |
|---|---|
| آمدنی | آمدنی |
| اخراجات | اخراجات |


| 9 ستمبر | 10 اکتوبر |
|---|---|
| آمدنی | آمدنی |
| اخراجات | اخراجات |

| 11 نومبر | 12 دسمبر |
|---|---|
| آمدنی | آمدنی |
| اخراجات | اخراجات |


# گوشوارے میں رہنا


آمدنی



اخراجات





کاروباری اخراجات




گھریلو اخراجات




قرض کی ادائیگی




کم مدت کے لیے بچت




لمبی مدت کے لیے بچت

# ثُریا نے بچت کرنا سیکھی






ایک دن مارکیٹ میں ثُریا کی ملاقات سلیم کی بیوی فاطمہ سے ہوئی۔ فاطمہ اسے اپنے گھر لے گئی۔ جیسے ہی ثُریا گھر میں داخل ہوئی اس نے دو بکریاں دیکھیں اور کہا ''ماشاء اللہ'' فاطمہ بہن کیا یہ عید کے لیے ہیں۔ اس دفعہ دو بکریاں کیسے خرید لیں؟

فاطمہ نے ہنس کر کہا، ''پہلے یہ ہمارے لیے بھی مشکل تھا، مگر ہم نے بچت کرنا سیکھی، مستقبل کے لیے منصوبہ سازی کی اور ہدف طے کیے۔ میں نے اور سلیم نے بچت کرنے کا فیصلہ کیا تا کہ ہم ایک بکری اپنے لیے اور ایک عید پر فروخت کرنے کے لیے خرید سکیں۔ ہم نے سوچا ہے کہ ان پیسوں سے ہم بچوں کے سکول کی فیس ادا کردیں گے۔

ثُریا نے پوچھا، ''تمہاری اتنی بچت ہو کیسے جاتی ہے''



فاطمہ مسکرائی اور بولی، ہماری کامیابی اس میں ہے کہ ہمیں اپنی ضروریات کا علم ہو۔ 6 ماہ پہلے میں نے اور سلیم نے ہر ماہ 2000 روپے کے بجائے 3000 روپے کی بچت کرنے کا فیصلہ کیا۔ 6 ماہ کے دوران میں نے سستے سے سستا راشن خریدنے کی کوشش کی اور زیادہ تر گوشت کے بجائے سبزیوں کا استعمال کیا۔ ہم نے مل کر اخراجات کم کرنے کی کوشش کی مثلاً گھریلو اخراجات اور بجلی کا استعمال کم کیا۔ اس طرح میں نے مزید 1000 روپے بچا کر کمیٹی ڈال لی۔ میں نے کمیٹی اس لیے ڈالی کیونکہ میں جانتی تھی کہ مجھے یہ پیسے عید سے کچھ ماہ پہلے مل جائیں گے اور عید تک میں نے پیسوں کو ہاتھ تک نہیں لگایا۔ سلیم پہلے کی طرح 2000 روپے کی بچت کرتا رہا کیونکہ ہم جانتے تھے کہ اگر کوئی مصیبت آ گئی تو ہم اس سے نمٹ سکیں گے۔




ثُریا کہتی ہے، ''تم تو کافی بچت کر لیتی ہو، تم یہ پیسے رکھتی کہاں ہو''؟

فاطمہ کہتی ہے، ''میں کمیٹی ڈال لیتی ہوں اور سلیم بینک میں جمع کروا دیتا ہے''۔


ثُریا اسے بتاتی ہے، ''مجھے بھی عید کی تیاری کرنی ہے اور سِکو کی بہن کی شادی بھی کرنی ہے۔ میں بھی گھر میں اپنے اخراجات کم کرنے کے لیے سِکو سے بات کروں گی اور اسے کہوں گی کہ وہ پیسوں کی بچت کیلئے کمیٹی اور بینک میں کھاتہ کھولنے کے بارے میں معلومات حاصل کرے۔

# بچت کیوں؟

## 1 مستقبل کے واقعات





## 2 حادثات




## 3 مرضی کے تحت اخراجات



## 4 مستقل چیزیں/اثاثے



# بچت کے 2 اصول

آمدنی سے کم اخراجات کریں





ہر روز یا ہر ہفتہ کچھ نہ کچھ بچت کریں




# بچت کے طریقے

1 تکیے میں



2 کمیٹی




3 بینک اکاؤنٹ



## ہدایات:

اوپر دیئے گئے بچت کے طریقوں کے:


- فوائد کیا کیا ہیں؟
- نقصانات کیا کیا ہیں؟

Session-03

# سرمایہ کاری




6 ماہ کے دوران سکو نے ان تمام باتوں پر عمل کیا جو اس نے سلیم سے سیکھیں اب اس کے اور ثریا کے درمیان کوئی لڑائی جھگڑا نہیں ہوتا یہاں تک کہ وہ دونوں مل کر کام کر رہے ہیں۔ سکو نے سلیم کو بتایا کہ اس نے کچھ بچت بھی کر لی ہے اور وہ قرض کی ادائیگی بھی کر رہا ہے۔




سکو بتاتا ہے کہ میری بیوی نے پڑوس میں کمیٹی ڈال لی ہے اور میں اپنے پیسے تکیے میں چھپا دیتا ہوں۔ سلیم اسے کہتا ہے کہ قرض کی ادائیگی اور سکول کی فیس وغیرہ کے لیے اگر تمہیں یہ پیسے نہ چاہیے ہوں تو تمہیں ان پیسوں کو کہیں اور رکھنے کا سوچنا چاہیے۔ سکو حیران ہو کر پوچھتا ہے ایسا کیسے ہو سکتا ہے؟

سلیم اسے بتاتا ہے سکو اگر میں تمہیں ایسا طریقہ بتاؤں کہ تمہارے ان پیسوں سے اور پیسے آنے لگیں۔ سکو حیران ہو کر پوچھتا ہے ایسا کون سا طریقہ ہے۔

سلیم سکو کو سمجھاتا ہے کہ

## تمہارے پاس دو راستے ہیں





## سرمایہ کاری کہتے ہیں:

1. اپنے پیسے کو کسی ایک مقصد کے لیے استعمال کرنا جس سے آپ کو مالی فائدہ حاصل ہو۔ مثلاً بکری کا بچہ پال کر زیادہ قیمت پر فروخت کرنا۔
2. کسی ایسی چیز کو خریدنا یا کاروبار میں پیسے لگانا تاکہ مستقبل میں منافع کمایا جا سکے۔ مثلاً سلائی مشین اس مقصد کے لیے خریدنا تاکہ سلائی کے کاروبار کو بڑھایا جائے۔
3. آمدنی بڑھانے کی غرض سے کوئی چیز خریدنا مثلاً رکشہ جو سواریوں کے ذریعے آپ کی کمائی بڑھائے۔


# کیا یہ سرمایہ کاری ہے؟





بشیر اور اس کے گھر والے باقاعدگی سے کچھ نہ کچھ بچا کر اپنے گھر میں رکھ لیتے ہیں گھر میں رکھے ہونے کی وجہ سے کسی بھی معمولی ضرورت کی وجہ سے خرچ ہو جاتے ہیں۔




رقیہ بی بی اور اس کے گھر والوں نے بچت کھاتہ کھلوایا۔ ان کی رقم محفوظ بھی ہے اور ہر ماہ ان کی رقم مخصوص شرح کے مطابق بڑھ رہی ہے۔




اشرف نے حال ہی میں سکوٹر خریدا جس پر وہ اپنے بیوی بچوں کو سیر کرواتا ہے۔ وہ کبھی کبھار اسی موٹر سائیکل پر دوسرے گاؤں میں اپنے رشتہ داروں سے بھی ملنے جاتا ہے۔




ثمینہ اور اس کے شوہر نعیم نے بچت کر کے رکشہ خریدا۔ جس پر نعیم سواریاں بٹھا کر دوسرے گاؤں اور شہر لے کر جاتا ہے۔ نعیم شہر سے کریانہ کا سامان لا کر دکانداروں سے کرایہ وصول کرتا ہے۔





کلثوم نے حال ہی میں سونے کی ٹکیہ خریدی تا کہ اپنی بیٹی کی شادی میں استعمال کر سکے۔

# سرمایہ کاری کے اصول


سِکو کو اپنے دوستوں اور رشتہ داروں سے مشورہ کرنے کے بعد سرمایہ کاری کے بہت سے مواقع نظر آئے۔ جب کہ ثُریا اور سِکو کے ذہن میں یہ سوال تھا کہ ہمارے گھرانے کے لیے کون سی سرمایہ کاری اچھی اور بہتر ہوگی۔

1



سرمایہ کاری محفوظ ہونی چاہیے۔

2




سرمایہ کاری سے ہمیں زیادہ منافع حاصل ہونا چاہیے۔

3




یہ بھی ضروری ہے کہ سرمایہ کاری ایسی ہو کہ جب چاہیں اسے پیسے کی صورت دے سکیں، جیسے پرائز بانڈ اور مختلف بچت سرٹیفکیٹ خریدنا۔



# قرض کیا ہے؟

سِکو سامان کی فراہمی کیلیئے موٹر سائیکل خرید نے کا فیصلہ کرتا ہے۔سلیم اسے قرض لینے کا مشورہ دیتا ہے۔اس بارے میں معلومات کے لیے وہ قرض کیسے حاصل کریں،سکو ایک مقامی چھوٹے قرضہ جات فراہم کرنے والے بینک کے افسر جاوید سے ملتا ہے۔



سِکو کی موجودگی میں وہاں ایک اور شخص آیا جو کہ قرض لینا چاہتا تھا۔اس نے بینکر سے سوال کیا کہ کیا آپ کے پاس اسلامی بینکاری کی سہولت موجود ہے اس کے ذریعے میں نے ٹریکٹر خریدنا ہے۔بینکر نے اپنے صارف کو بتایا کہ ہمارے پاس اسلامک بینکنگ کی سہولت موجود ہے بینک ٹریکٹر خرید کر آپ کو آسان قسطوں میں دے گا جس سے آپ کاروبار کر سکتے ہیں اور قسط بھی بآسانی بینک میں ادا کر سکتے ہیں۔

جاوید سکو کو بتاتا ہے کہ قرض وہ رقم ہے جو کچھ عرصے تک استعمال کی جا سکتی ہے۔ایک خاص مقررہ مدت کے بعد یہ رقم قرض خواہ کو واپس کرنا ہوتی ہے۔عام طور پر قرض کی واپسی تک ایک خاص اضافی رقم قسط کے ساتھ ادا کرنا پڑتی ہے۔

Session-05

# اسلامی بینکاری کیا ہے؟

**روائیتی اور اسلامی بینکاری دیکھنے میں ایک ہی جیسی لگتی ہیں تو ان میں بنیادی فرق کیا ہے؟**

**1**

### روائیتی بینک




لوگوں سے لی گئی رقم کو کاروباری اداروں، سرمایہ کاروں اور کھاتہ داروں کو قرض کی مد میں دیتا ہے اور اس پر حاصل شدہ نفع اپنے کھاتے داروں میں تقسیم کرتا ہے۔

**2**


### اسلامی بینک



مختلف تجارتوں اور خدمات میں شریعت کے اصولوں کے مطابق سرمایہ کاری کرتا ہے اور حاصل شدہ نفع/نقصان کو اپنے کھاتہ داروں کے درمیان طے شدہ تناسب سے تقسیم کرتا ہے۔

**3**


اگر کسٹمر وقت پر ادائیگی نہ کرے تو اسلامی بینک زائد رقم کیوں وصول کرتا ہے؟




معاہدے کے مطابق کسٹمر کی وقت پر ادائیگی نہ کرنے کی صورت میں اضافی رقم خیرات/صدقہ کی مد میں دیتا ہے اور یہ رقم بینک کے لیے نہیں ہوتی۔

**4**

اسلامی بینکوں میں بھی کھاتہ داروں کو اتنا ہی نفع کیوں دیا جاتا ہے جتنا روایتی بینک اپنے کھاتہ داروں کو دیتے ہیں؟



# فائدہ منداور غیر فائدہ مند قرض







**1** امامہ اور اس کے گھر والوں نے حال ہی میں زراعت کا سامان تھوک کی دُکان سے کم قیمت پر خریدنے کے لیے چھوٹے قرضہ جات فراہم کرنے والے ادارے سے قرض لیا۔اس قرض میں سے کچھ رقم انہوں نے اپنی زمین میں نئی ٹیکنالوجی پر خرچ کی جس سے ان کو زیادہ پیداوار حاصل ہوئی۔ حاصل ہونے والے منافع میں سے انہوں نے کچھ قرض بھی ادا کر دیا۔


**2** الیاس نے چھوٹے قرضہ جات فراہم کرنے والے ادارے سے قرض لے کر اپنی بیٹی کی شادی کی۔شروع کی کچھ اقساط ادا کرنے کے لیے الیاس کو اپنی سائیکل بیچنی پڑی۔اب وہ پھر ادھار کی تلاش میں ہے تاکہ وہ پہلے والا قرض ادا کر سکے۔

# اہم سوالات

**1** ہمیں اس قرض کے ساتھ کتنی اضافی رقم ادا کرنی پڑے گی اور قرض حاصل کرنے کے شرائط وضوابط کیا ہوں گے؟




**2** ہم اس رقم کا کیا کریں گے؟ قرض کی رقم ہمیں زیادہ منافع کیسے دے سکتی ہے؟




**3** ہم اس قرض کی ادائیگی کیسے کریں گے؟







# قرض لینے والوں کے لیے ہدایات




قرض کو روزمرہ اخراجات کے لیے استعمال نہ کریں۔ مثلاً کھانے پینے، سکول کی فیس اور دیگر ضروریات۔





قرض کی رقم اور اقساط کی ادائیگیوں کا حساب رکھیں۔




قسط کی ادائیگی کی رقم آپ کی کل آمدنی پر بوجھ نہیں ہونی چاہیے





ذاتی اخراجات کے لیے قرض کی رقم استعمال نہ کریں۔





اگر سرمایہ کاری سے منافع حاصل ہونے میں دیر ہو تو یہ سوچ لیں کہ قرض کی ادائیگی کیسے ہوگی۔

# مالی ضروریات




کم مدت کیلئے بچت





لمبی مدت کیلئے بچت






قرض





بیمہ



Session-06

# قرض حاصل کرنے کے ذرائع




خاندان کے افراد



مقامی سطح پر قرض فراہم کرنے والے لوگ



آڑھتی



کمیٹی



غیر منافع بخش ادارے




دیہی بچت اور قرض تنظیمیں




بینک



چھوٹے قرضہ جات فراہم
کرنے والے ادارے



بیمہ کمپنیاں

# قومی کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ

کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ بہت اہم ثبوت ہے جو 18 سال کی عمر کے بعد تمام شہری بنوا سکتے ہیں۔ کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ تمام بالغ مرد و خواتین کے پاکستانی شہری ہونے کی تصدیق کرتا ہے۔ یہ انتخابات کی رجسٹریشن اور دیگر کاغذات مثلاً پاسپورٹ، سفری کاغذات، لائسنس، بینک کھاتوں اور دیگر مالی لین دین جیسا کہ اثاثہ جات کی خرید و فروخت کیلئے لازمی ہے۔


## کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کیسے بنوائیں؟

1




قریبی نادرا کے دفتر جائیں۔

2




مطلوبہ کاغذات جمع کروائیں۔

3



نادرا کا عملہ آپ کی مرحلہ وار رہنمائی کرے گا۔

4





30 دن کے بعد نادرا کے دفتر سے اپنا کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ حاصل کریں۔

### ضروری معلومات

- پیدائشی سرٹیفیکیٹ یا
- پرانا شناختی کارڈ یا
- میٹرک کی سند یا
- خاندان کے کسی فرد کا شناختی کارڈ
- وزارتِ داخلہ سے جاری کردہ شہریت کی سند




ٹوکن لینا




تصویر کھنچوانا



دستخط یا انگوٹھے کا نشان



فارم کی چھپائی



تصدیق کے بعد فارم واپس جمع کروانا

Session-06

# بیمہ (انشورنس)



بیمہ آپ اس لیے کرواتے ہیں کہ یہ آپ کو، آپ کے گھر والوں اور آپ کے کاروبار کو مشکل حالات میں سہارا دے سکے، اس کام کے بدلے جو فیس وصول کی جاتی ہے اسے پریمیم کہا جاتا ہے جو ممکنہ نقصان کے امکان کے تناسب کے مطابق ہوتا ہے۔



زندگی کا بیمہ



صحت کا بیمہ




حادثات کا بیمہ



جائیداد کا بیمہ



گاڑیوں کا بیمہ



معذوری کا بیمہ




قرضہ کا بیمہ



تھرڈ پارٹی بیمہ

## یاد رکھیں!

- بیمہ پالیسی کے طریقِ کار سے متعلق مکمل معلومات کا ہونا ضروری ہے۔ شک وشبہ کی صورت میں نقصان کا خدشہ ہوسکتا ہے۔
- پریمیم/قسط کی ادائیگی کی رسید وصول کرلیں اور اس کو سنبھال کر رکھیں۔ متعلقہ دفتر سے ادا شدہ رقم کی معلومات ضرور حاصل کریں تاکہ معلوم ہوسکے کہ آپ کی رقم جمع ہورہی ہے یا نہیں۔
- بیمہ پالیسی کی فائل کو محفوظ جگہ پر رکھیں تاکہ گم ہونے کی صورت میں مختلف مسائل سے بچا جا سکے۔
- اپنے قریبی بیمہ سے مستفید ہونے والے افراد کو بیمہ پالیسی سے متعلق ضرور آگاہ کریں۔

# بینک سے متعلق خیالات

سِکو نے جب موٹر سائیکل پر اپنا کام شروع کر دیا تو اُس کی آمدنی میں اضافہ ہونے لگا اور ماہانہ بچت بھی ہونا شروع ہوگئی۔ اس رقم کو اُس نے گھر میں حفاظت سے رکھنا شروع کر دیا جو بڑھتے بڑھتے 20000 روپے تک پہنچ گئی اب وہ گھبرانے لگا کہ یہ چوری نہ ہو جائے۔



اس معاملے میں اس نے سلیم سے مشورہ کیا تو اس نے فوراً کہا کہ بھئی تم یہ رقم بینک میں جمع کروا دو۔ سِکو بینک کا نام سن کر خوف زدہ ہوگیا۔

ثُریا سوچتی تھی کہ بینک کے لوگ ہم جیسوں کو منہ نہیں لگاتے۔ جبکہ سِکو کو یہ ڈر بھی تھا کہ کوئی اُنہیں دھوکا نہ دے دے کیونکہ وہ پڑھنا لکھنا نہیں جانتے۔

اس کا خیال تھا:

**1** بینک میں امیر آدمی ہی جا سکتا ہے



**2** بینک میں کام کرنے والوں کا رویہ غیر دوستانہ ہوتا ہے




**3** بینک جانے کے لیے زیادہ وقت چاہیے



**4** اگر بینک میں ڈاکہ پڑ جائے تو آپ کی رقم ڈوب جاتی ہے




Session-06

# بینک میں آپ کیا کیا کر سکتے ہیں؟

## 1 رقم جمع کروا سکتے ہیں




## 2 رقم نکلوا سکتے ہیں




## 3 کسی بھی شخص کو کہیں بھی رقم بھیج سکتے ہیں



## 4 بینک کی خدمات استعمال کر سکتے ہیں

(خودکار مشین یعنی ATM سے پیسوں کا حصول، موبائل فون سے بینک کے کھاتہ کا انتظام، وغیرہ)



# بینک کھاتہ کھلوانے کا طریقۂ کار

**1**





بینک جائیں

### یاد رکھیں!

بینک اور اس کے عملے کی زبانی کلامی باتوں پر یقین نہ رکھیں تمام معاہدے تحریری ہونے چاہئیں اور کسی پڑھے لکھے شخص سے جانچ پڑتال کروالیں۔

**2**




کھاتہ کی قسم (جاری/بچت) منتخب کریں۔

### بینک کھاتہ کی 2 اقسام:

| جاری کھاتہ | بچت کھاتہ |
|---|---|
| ایسا کھاتہ جس پر مقررہ شرح سے منافع نہیں دیا جاتا ہے | ایسا کھاتہ جس پر مقررہ شرح سے منافع دیا جاتا ہے |

**3**




کھاتہ کھلوانے کا فارم پُر کریں۔

### ضروری معلومات:

- کھاتہ کھلوانے والے کا نام
- مستقل پتہ
- والد کا نام
- والدہ کا نام
- شناختی کارڈ نمبر اور اس کی کاپی
- تاریخ پیدائش
- پیدائش کی جگہ
- پیشہ/ ذریعہ آمدنی


Session-06

**4**




فارم پر دستخط کریں یا انگوٹھے کا نشان لگائیں۔

**5**




کھاتہ کھلوانے کے لیے درکار رقم جمع کروائیں۔

**6**



کھاتہ نمبر حاصل کریں اور 2 ہفتے کے بعد چیک بک ضرور حاصل کریں۔

# کھاتہ کھلوانے کے فارم کی ایک شکل

صفحہ نمبر 1

BANK

**Account Opening Form**
**Individual / Joint Account**

**Branch:** برانچ

**Date:** تاریخ

**Account Number:** اکاؤنٹ نمبر

| | |
|---|---|
| **Particulars of Account** اکاؤنٹ کی تفصیل | **Title of Account** (In Block Letters)<br>As per CNIC شناختی کارڈ کے مطابق اکاؤنٹ کا نام<br>**Mailing Address:** (Please do not write PO Box) (براہ مہربانی پوسٹ آفس باکس نہ لکھیں) خط وکتابت کیلئے پتہ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| **Account Information** اکاؤنٹ کی معلومات | **Type of Account** اکاؤنٹ کی قسم<br>☐ PLS Saving پی ایل ایس بچت<br>☐ Current کرنٹ<br>☐ Daily Product ڈیلی پروڈکٹ<br>☐ Basic Banking بنیادی بینکنگ<br>☐ Other ______ دیگر<br>**Customer Relationship** کسٹمر ریلیشن شپ<br>☐ Individual واحد<br>☐ Joint مشترکہ | **Currency of Account** اکاؤنٹ کی کرنسی<br>☐ Pak Rs پاکستانی روپیہ<br>☐ US$ امریکی ڈالر<br>☐ GBP برطانوی پونڈ<br>☐ Euro یورو<br>☐ JPY جاپانی ین<br>**Zakat to be Deducted** زکوٰۃ کی کٹوتی<br>☐ Yes ہاں<br>☐ No نہیں<br>(Zakat Declaration is required in case of NO) نہیں کی صورت میں حلف نامہ داخل کریں | **Account Operating Instructions** اکاؤنٹ آپریٹ کرنے کے لئے ہدایات<br>☐ Singly واحد مجاز<br>☐ Jointly مشترکہ<br>☐ Either or Survivor کوئی ایک جو حیات ہو<br>☐ Other دیگر<br>**Statements of Account Instruction** اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ کی ہدایات<br>☐ Half Yearly ششماہی<br>☐ Quarterly* سہ ماہی<br>☐ Monthly* ماہانہ<br>*Additional charges apply for other than half yearly statements ششماہی کے علاوہ اسٹیٹمنٹ کے لیے اضافی چارجز دینے ہوں گے |

**Personal Information** ذاتی کوائف

| **Particulars** تفصیل | **Applicant 1** درخواست گزار ۱ | **Applicant 2** درخواست گزار ۲ | **Applicant 3** درخواست گزار ۳ |
|---|---|---|---|
| Title ٹائٹل | ☐ Mr. مسٹر ☐ Mrs. مسز ☐ Ms. مس | ☐ Mr. مسٹر ☐ Mrs. مسز ☐ Ms. مس | ☐ Mr. مسٹر ☐ Mrs. مسز ☐ Ms. مس |
| Name نام | | | |
| Father's / Husband's Name (والد / شوہر کا نام) | | | |
| Mother's Maiden Name والدہ کا پہلا نام | | | |
| CNIC / Passport No. شناختی کارڈ نمبر / پاسپورٹ نمبر | | | |
| Expiry Date تاریخ تنسیخ | | | |
| Marital Status شادی شدہ / غیر شادی شدہ | ☐ Single غیر شادی شدہ ☐ Married شادی شدہ ☐ other______ دیگر | ☐ Single غیر شادی شدہ ☐ Married شادی شدہ ☐ other______ دیگر | ☐ Single غیر شادی شدہ ☐ Married شادی شدہ ☐ other______ دیگر |
| Date of Birth تاریخ پیدائش | DD دن MM ماہ YY سال | DD دن MM ماہ YY سال | DD دن MM ماہ YY سال |
| Nationality قومیت | | | |
| Country of Origin ملک کا نام | | | |
| NTN (Optional) نیشنل ٹیکس نمبر | | | |
| Current Residential Address موجودہ رہائشی پتہ | | | |
| Permanent Address مستقل پتہ | | | |
| Residence Phone No فون نمبر (گھر) | | | |
| Office Phone No فون نمبر (آفس) | | | |
| Mobile No موبائل نمبر | | | |
| email ای میل | | | |
| Fax No. فیکس نمبر | | | |
| Profession/ Occupation پیشہ | | | |
| Employers Name and Address/Business Address if self employed آجر کا نام اور پتہ / کاروباری پتہ اگر اپنا کاروبار ہو | | | |

صفحہ نمبر 2

**Next of Kin** قریبی رشتہ دار

| Name (Mr/Mrs/Ms) نام (مسٹر/مسز/مس) | | Father's / Husband's Name: والد/شوہر کا نام | Relationship with Account Holder: اکاؤنٹ ہولڈر کے ساتھ رشتہ | |
|---|---|---|---|---|
| Address: پتہ | Residence Phone No. (فون نمبر گھر) | Office Phone No. (فون نمبر آفس) | Mobile موبائل | email ای میل |

In the event that you receive notice of my / our demise. I / we hereby authorize you to notify the above named person. Such notification should include details of my/our account (s) maintained with you and the available account balance. I/we understand, that such notification does not amount to nomination and any issue of succession will be solely determined in accordance with laws of Pakistan.

[illegible]

**Details of Other Bank Accounts(if any)** دیگر بینک اکاؤنٹس کی تفصیلات (اگر ہوں)

| | |
|---|---|
| Bank/Branch (بینک/برانچ کا نام) | |
| Bank / Branch (بینک/برانچ کا نام) | |

| | |
|---|---|
| **Declaration of Beneficial Owner** مستفید کا اعلامیہ | I/ We hereby declare: میں/ہم اعلان کرتا ہوں/کرتے ہیں کہ<br>*(Mark with Tick where appropriate)*<br>That I / We , are the sole beneficial owners of this account ☐ **Yes** ہاں ☐ **No** نہیں میں/ہم اس اکاؤنٹ کے مستفید ہیں۔<br>☐ A separate form for beneficial owner/s identity is enclosed. (in case of above NO) اگر جواب نہیں لکھا ہے تو مستفید کی شناخت کے لئے ایک علیحدہ فارم منسلک ہے۔ |
| **Cheque Book Request** چیک بک کے لئے درخواست | Require a Cheque Book ☐ Yes ہاں ☐ No نہیں ضرورت چیک بک<br>Please issue a cheque book for my/our this account containing ☐ 25 ☐50 ☐100 leaves and deliver the same to ☐ Mailing Address ☐ Collect in Person ☐ Representative (Authority letter given). |

**Request for Electronic Banking Services** درخواست برائے الیکٹرونک بینکنگ سروس

INTRODUCTION /REFERENCE تعارف کنندہ

1) **Name :** نام ........................................

2) **Signature :** دستخط ........................................

3) **Account No. :** اکاؤنٹ نمبر ........................ **CNIC NO.** شناختی کارڈ نمبر ........................

4) **Bank :** بینک ........................ **Branch :** (برانچ) ........................

**Signature Verified :** ........................ تصدیق کرنے والے کے دستخط

I/ we request you to open an account and provide the services as per details given above. I / we hereby confirm that the information furnished by me / us and the documents provided by me / us pursuant thereto are true, correct and complete in all respects. I/ We agree to inform you of any changes in the information provided in this form or in related document/(s). I/We further confirm having read, understood and received the Bank's Terms & Conditions for Account and Services, and a copy of this Account Opening Form, and agree to abide by them and any changes, supplements or modifications thereto that may be made by the Bank from time to time.

[illegible]

| Applicant 1 درخواست گزار<br>Name : نام | Applicant 2 درخواست گزار<br>Name : نام | Applicant 3 درخواست گزار<br>Name : نام |
|---|---|---|
| | | |
| | | |
| Signature دستخط | Signature دستخط | Signature دستخط |

**Account Opening Authorization ( For Bank Use Only )** (اکاؤنٹ کھولنے کی تصدیق (بینک کے استعمال کے لئے

| Details تفصیل | Name نام | Signature دستخط |
|---|---|---|
| Account Opened By اکاؤنٹ کھولنے والے کا نام | | |
| Signature(s) Admitted by تصدیق کرنے والے کے دستخط | | |
| Authorized by Branch Manager/ Operation Manager برانچ منیجر/آپریشن منیجر سے اجازت لی | | |

Session-06




STATE BANK OF PAKISTAN ADB


# رقم جمع کروانے کی رسید





بینک جائیں




رقم جمع کروانے کی رسید پُر کریں




رسید اور رقم کیشئر کو دیں





دستخط شدہ رسید حاصل کریں اور اسے سنبھال کر رکھیں

**ضروری معلومات:**

- کھاتے دار کا نام
- کھاتے کا نمبر
- شناختی کارڈ نمبر
- رقم
- دستخط/انگوٹھے کا نشان

## رقم جمع کروانے کی رسید





**نوٹ:**
بینک میں رقم جمع کروانے کے بعد رسید پر بینک افسر کے دستخط اور متعلقہ بینک کی مہر کی یقین دہانی کریں۔


# چیک کا استعمال




بینک جائیں



چیک بُک میں سے ایک چیک پُر کریں



چیک بُک میں سے چیک کو نکال لیں



جس شخص کو رقم ادا کرنا چاہتے ہیں اسے چیک دے دیں


## ضروری معلومات:

- پورا نام
- درکار رقم
- تاریخ
- دستخط/انگوٹھے کا نشان

## چیک کی دو اقسام:

- کیش/سیلف چیک
  جس کے ذریعے خود بینک سے رقم نکلوائی جاتی ہے۔
- کراس چیک:
  جو کسی دوسرے اکاؤنٹ میں رقوم کی منتقلی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔


## چیک




Session-06

# ATM کا استعمال


1



ATM کارڈ مشین میں ڈالیں

- زبان کا انتخاب کریں۔ انگلش/اردو۔


2




پن کوڈ درج کریں

- آپ کا منتخب کردہ پن کوڈ 4 ہندسوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ اپنا پن کوڈ یاد رکھیں۔

3



مطلوبہ رقم منتخب یا درج کریں

- یاد رکھیں! کم سے کم 500 روپے اور اُس سے زیادہ رقم نکلوائی جاسکتی ہے۔

4




رقم حاصل کریں


- رسید حاصل کرنے کے لیے ہاں کا بٹن دبائیں۔
ATM کارڈ واپس لینا نہ بھولیں۔

Session-06

# کیا آپ جانتے ہیں؟

تمام تجارتی بینکوں کے پاس آسان بینک کھاتوں کی سہولت درج ذیل خصوصیات کے لحاظ سے موجود ہے




| 3 | 2 | 1 |
|---|---|---|
|  |  |  |
| کھاتہ کھلوانے یا بند کروانے پر کسی بھی طرح کی فیس یا چارجز نہیں ہوں گے | بچت (آمدنی والا) اور جاری (غیر آمدنی والا) دونوں قسم کے کھاتے کھلوائے جاسکتے ہیں | کم از کم 100 روپے سے کھاتہ کھلوایا جاسکتا ہے |

| 6 | 5 | 4 |
|---|---|---|
|  |  |  |
| پاکستان میں کہیں بھی کسی بینک کے ATM سے رقم نکلوانے کی سہولت ہوگی | آسان کھاتے میں سے ہر ماہ پانچ لاکھ روپے تک کی رقم نکلوائی جاسکتی ہے | آسان بینک کھاتے میں زیادہ سے زیادہ پانچ لاکھ روپے رکھے جاسکتے ہیں |

Session-06

## نفع اور نقصان (PLS) کھاتہ پر خدماتی معاوضہ:

رسمی نظام کے استعمال اور بچت کی عادت کو فروغ دینے کے لیے درج ذیل اصول بنائے گئے ہیں۔

| | |
|---|---|
| 1  | اگر آپ بینک کی شرائط پر پورا اترتے ہیں تو بینک پر آپ کا کھاتہ کھولنا لازم ہے۔ |
| 2  | باقاعدہ خدماتی کھاتہ کے کھولنے اور چلانے پر کوئی معاوضہ نہیں ہے۔اس میں کم از کم بقایا رقم رکھنے کی کوئی شرط نہیں ہے اور نہ ہی کھاتہ بند کرنے پر رقم لی جائے گی۔ |
| 3  | بچت کھاتہ کھلوانے کے لیے ابتدائی رقم 100 روپے ہے۔ |
| 4  | درج ذیل افراد کے لیے کھاتے کھلواتے ہوئے ابتدائی رقم جمع کروانا ضروری نہیں ہے:<br>▪ مستحقین زکوٰۃ<br>▪ طالب علم<br>▪ سرکاری یا نیم سرکاری اداروں کے ملازمین (تنخواہ یا پنشن کے لیے) |
| 5  | بینکوں کے لیے ضروری ہے کہ وہ کھاتے کے بند ہوتے وقت اس بات کو یقینی بنائیں کہ شرائط:<br>▪ صارف کو آمنے سامنے بتادی گئی ہیں۔<br>▪ درخواست فارم پر لکھی ہوئی ہیں۔<br>▪ معلوماتی کتابچہ کی صورت میں دے دی گئی ہیں۔ |
| 6  | بینک کھاتہ کے درخواست فارم میں دی گئی شرائط میں شک و شبہ کا مطلب کھاتہ دار کو نوازنا ہوگا۔ |
| 7  | 2008 سے سٹیٹ بینک آف پاکستان نے یہ لازمی قرار دیا ہے کہ ہر قسم کے بچت/نفع نقصان کے کھاتوں پر کم از کم سالانہ شرح منافع ادا کیا جائے گا۔منافع کی شرح میں تبدیلی سٹیٹ بینک آف پاکستان کی پالیسی کے تحت ہوگی۔ |


# ایجنٹ بینکنگ یا نمائندہ بینکاری





کچھ بینک آپ کو ایجنٹ بینکنگ (نمائندہ بینکاری) کی سہولیات فراہم کرتے ہیں۔ صارفین یہ خدمات ملک بھر میں موجود کسی بھی متعلقہ بینک کی شاخ یا اس کے نمائندہ سے لے سکتے ہیں۔

جن دکانوں پر بینک کی علامت (لوگو) موجود ہوتی ہے وہ درج ذیل خدمات فراہم کرتے ہیں:

**1** کھاتہ کھلوانا




**2** موبائل فون کے بل کی ادائیگی




**3** موبائل بیلنس کی خریداری




**4** بل کی ادائیگی




**5** رقم کی منتقلی



# ایجنٹ بینکنگ (نمائندہ بینکاری) کی خدمات

## 1 کھاتہ کھلوانا



دکان پر جائیں



کم از کم 100 روپے سے اکاؤنٹ کھلوائیں اور پن کوڈ حاصل کریں




آپ ملک بھر میں موجود مخصوص دکانوں سے پیسے نکلوا سکتے ہیں


## 2 موبائل فون کے بل کی ادائیگی



دکان پر جائیں



دکاندار کو رقم، بل اور موبائل نمبر دیں



دکاندار سے رسید حاصل کریں




آپ کو تصدیق کا ایس ایم ایس موصول ہوگا


## 3 موبائل فون بیلنس کی خریداری



دکان پر جائیں



دکاندار کو رقم اور موبائل نمبر دیں




آپ کو تصدیق کا ایس ایم ایس
اور بیلنس موصول ہوگا


## 4 بل کی ادائیگی



دکان پر جائیں



اپنا بل اور رقم دکاندار کو دیں



دکاندار سے رسید حاصل کریں



آپ کو تصدیق کا ایس ایم ایس
موصول ہوگا

# 5 رقم کی منتقلی

## ضروری معلومات

- اصل شناختی کارڈ
- شناختی کارڈ کی کاپی
- پورا نام
- موبائل نمبر
- شہر کا نام جہاں رقم بھیجنی ہے
- وصول کرنے والے کا شناختی کارڈ نمبر
- جتنی رقم بھیجنی ہے

## رقم وصول کرنے کے لیے درکار معلومات

- اصل شناختی کارڈ
- شناختی کارڈ کی کاپی
- پورا نام
- بھیجی گئی رقم
- پن کوڈ

1




دکان پر جائیں

2



مطلوبہ رقم اور معلومات دکاندار کو دیں اور رسید حاصل کریں

3




آپ کو ایس ایم ایس کے ذریعہ پِن کوڈ موصول ہوگا

4




رقم بھیجنے اور وصول کرنے والے کو تصدیق کا ایس ایم ایس موصول ہوگا

5



رقم حاصل کرنے کیلئے وصول کرنے والے کو مطلوبہ معلومات فراہم کرنی پڑیں گی

# موبائل اکاؤنٹ کھلوانا

1




بینک، فرنچائز یا منتخب نمائندوں کے پاس جائیں

2



حسبِ ضرورت رقم، موبائل نمبر، تصدیق شدہ سم اور
قومی شناختی کارڈ کی کاپی دے کر اکاؤنٹ کھلوائیں

## رقم کی منتقلی کیلئے ضروری معلومات

- وصول کرنے والے کا نام
- وصول کرنے کا فون نمبر
- وصول کرنے والے کا شناختی کارڈ نمبر

3




اکاؤنٹ کھلوانے کے لیے کسی ایجنٹ یا نمائندہ کے پاس جانے کے علاوہ
بھی اپنی تصدیق شدہ سم سے موبائل فون اکاؤنٹ کھول سکتے ہیں۔

## موبائل اکاؤنٹ کھلوانے کیلئے ضروری معلومات


- آپ کا نام اور موبائل نمبر
- تصدیق شدہ سم
- شناختی کارڈ نمبر اور اس کی کاپی

4




اپنا پِن کورڈ حاصل کریں

5



اپنے موبائل فون کے ذریعہ رقم کی منتقلی اور
دیگر ٹرانزیکشن کی جاسکتی ہیں

## موبائل بینکاری کے ذریعے درج ذیل لین دین کی جاسکتی ہیں:




| | | |
|---|---|---|
| 1 اکاؤنٹ بیلنس کی معلومات | 2 فنڈز کی منتقلی | 3 موبائل پیکجز کی خریداری |
| 4 موبائل فون بلز | 5 یوٹیلٹی بلز کی ادائیگی | 6 عطیات |
| | 7 بیمہ (انشورنس) | |

Session-06

صارفین کی سہولت کیلئے سٹیٹ بینک نے اکاؤنٹ کے مختلف درجات ترتیب دیئے ہیں۔ کم آمدنی والے صارفین کیلئے درجہ 0 اکاؤنٹ بنایا گیا ہے، جس کیلئے کاغذی کاروائی کی ضرورت نہیں۔ اس کاؤنٹ کے ذریعہ زیادہ سے زیادہ 40,000 روپے ماہانہ کی رقم بھجوائی جاسکتی ہے۔

## موبائل اکاؤنٹ کے فوائد

1. اکاؤنٹ کھولنا نہایت آسان ہے۔
2. موبائل نمبر ہی آپ کا اکاؤنٹ نمبر بن جائے گا۔
3. پن کوڈ کی وجہ سے محفوظ موبائل بینکنگ ہے۔
4. چارجز کم ہونے کی وجہ سے سستا ہے۔

# اصلی نوٹ کی پہچان

عید کے دن سلیم اپنی بیٹی مریم کو ایک گڑیا خرید کر دیتا ہے۔ مریم جب گڑیا سے کھیلتے کھیلتے اُس کا پرس کھولتی ہے تو اندر سے ایک سو (۱۰۰) روپیہ کا نوٹ نکلتا ہے۔ مریم نوٹ دیکھ کر خوش ہو جاتی ہے کہ اب اُسکے پاس بہت سارے پیسے آ گئے ہیں۔ مریم نوٹ اپنے ابا کے پاس لے جا کر فرمائش کرتی ہے کہ مجھے بازار لے کر جائیں۔ مریم کے والد اسے سمجھاتے ہیں کہ یہ نوٹ نقلی ہے۔ مریم اداس ہو کر پوچھتی ہے کہ ”اصلی اور نقلی نوٹ میں کیا فرق ہوتا ہے؟“

مریم کے والد جیب سے ایک اصلی نوٹ نکال کر دِکھاتے ہیں اور اسے بتاتے ہیں کہ پاکسانی کرنسی نوٹ بینک دولت پاکستان جاری کرتا ہے اور ان نوٹوں کی کچھ اہم نشانیاں ہوتی ہیں جو کہ نقلی نوٹ میں نہیں ہوتیں۔ اس طرح اصلی نوٹ کی با آسانی پہچان کی جاسکتی ہے۔ پھر سلیم مریم کو اصلی نوٹ کی نشانیاں بتاتا ہے۔

اب سلیم مریم سے پوچھتے ہیں کہ اسکو یہ سب نشانیاں معلوم ہو گئیں؟ مریم کہتی ہے کہ ”جی ہاں، اب مجھے اصلی نوٹ کی تمام نشانیاں معلوم ہو گئی ہیں اور اب میں اصلی اور نقلی نوٹ میں تمیز کر سکتی ہوں۔ میں اپنی سہیلیوں کو بھی اسکے بارے میں بتاؤں گی۔“



# نوٹ کو پہچاننے کی 8 نشانیاں




**1 روشنی میں نظر آنے والی قائداعظم کی تصویر**

تمام نوٹوں کے سامنے کی طرف بائیں جانب قائداعظم کی تصویر موجود ہے جو روشنی میں دیکھنے سے نظر آتی ہے۔

**2 چھپا ہوا ہندسہ**

قائداعظم کی تصویر کے دائیں جانب نوٹ کی مالیت کا چھپا ہوا ہِندسہ ہے۔ جب نوٹ کو ہلا کر دیکھا جائے تو یہ ہِندسہ واضع طور پر نظر آتا ہے۔

**3 حفاظتی پٹی**

نوٹ کے سامنے کی طرف بائیں جانب ایک پٹی موجود ہے جو نوٹ کے اندر نظر آتی ہے۔ دس (۱۰)، بیس (۲۰) اور پچاس (۵۰) روپے کے نوٹوں پر یہ پٹی مکمل طور پر اندر ہے جبکہ سو (۱۰۰)، پانچ سو (۵۰۰)، ہزار (۱۰۰۰) اور پانچ ہزار (۵۰۰۰) روپے کے نوٹوں پر یہ پٹی اندر اور باہر ہوتی نظر آتی ہے۔

**4 آر پار نظر آنے والا ہِندسہ**

نوٹ کی مالیت کا ہِندسہ آدھا نوٹ کے سامنے اوپر کی جانب چھپا ہے اور آدھا نوٹ کے پیچھے چھپا ہے۔ جب نوٹ کو روشنی میں آر پار دیکھا جائے تو نوٹ کی مالیت کا ہِندسہ مکمل طور پر نظر آتا ہے۔

**5 ابھرے ہوئے نشان**

نوٹ کے سامنے کی طرف بائیں جانب اُبھرے ہوئے نشان ہیں جن کو چھو کر بیناء سے محروم افراد نوٹ کی مالیت جان سکتے ہیں۔ بیس (۲۰)، پچاس (۵۰) اور سو (۱۰۰) روپے کے نوٹوں پر بالترتیب ایک، دو اور تین لکیریں ہیں جبکہ پانچ سو (۵۰۰)، ہزار (۱۰۰۰) اور پانچ ہزار (۵۰۰۰) روپے کے نوٹوں پر بالترتیب ایک، دو اور تین اُبھرے ہوئے دائرے ہیں۔

**6 ابھری ہوئی چھپائی**

خاص چھپائی کے تحت نوٹ پر قائداعظم کی شیروانی، دائیں طرف ہر نوٹ کی مالیت کا ہندسہ اور ہر نوٹ کی دائیں اور بائیں جانب کناروں پر اُبھری ہوئی لکیریں بنی ہوئی ہیں جن کو چھو کر محسوس کیا جا سکتا ہے۔ جبکہ اُنہی کناروں کی پچھلی سطح بالکل ہموار ہے۔

**7 رنگ بدلتا جھنڈا**


پانچ سو (۵۰۰)، ہزار اور پانچ ہزار (۵۰۰۰) روپے کے نوٹوں پر سامنے کی طرف دائیں جانب رنگ بدلتا جھنڈا موجود ہے۔ جب نوٹ کو ہلا کر دیکھا جائے تو جھنڈا رنگ بدلتا نظر آتا ہے۔

**8 باریک لکھائی**


نوٹ کی بالائی دائیں جانب قائداعظم کی تصویر سے متصل اور پچھلی بائیں جانب حفاظتی پٹی کے قریب باریک لکھائی میں نوٹ کی مالیت کا ہندسہ طبع ہوتا ہے۔

# صارفین کے حقوق


"حق: کسی بھی حوالے سے کوئی دعویٰ جو اچھا بہتر اور اخلاقی پیمانے پر پورا اترتا ہو۔"





احترام سے پیش آیا جائے




اپنی مرضی کے مطابق خدمات کو منتخب کر سکیں




واضح، سچی اور وقت پر معلومات کی فراہمی





صارفین کی بات سنی جائے




صارفین کے معاملات کو راز میں رکھا جائے

# صارفین کے فرائض

"فرض: کسی بھی معاہدہ کے نتیجے میں لی گئی ذمہ داری کا احترام کرنا۔"





دوسروں کا احترام کیا جائے





قرض پر اٹھنے والے اخراجات کی ذمہ داری




قرض کی شرائط و ضوابط کو پورا کرنا




صحیح اور وقت پر معلومات کی فراہمی





دوسروں کی ذاتی معلومات کا تحفظ

Session-07

# ذمہ دار کون؟





قرض دینے والے افسر نے بختیار کی ہمت بندھائی کہ وہ قرض لے لےلیکن وہ لینا نہیں چاہتا تھا۔اس نے اسے بتایا کہ یہ رقم اس کے مسائل کے حل کے لیے ہےاوراسے پہلےکسی قسم کی شرائط بیان نہیں کی گئیں۔اس کے بعد بختیار نے رقم لی اوراسے گھریلو اخراجات پرخرچ کردیا۔قرض دینے والا افسر دوبارہ آیا اوراس سے رقم واپس کرنے کا مطالبہ کرنے لگا۔جب بختیار نے بتایا کےاس کے پاس رقم نہیں ہے تو قرض دینے والے افسر نے اسے قید کروانے کی دھمکی دی۔اب بختیار کا خاندان پہلے سے بھی زیادہ مقروض ہوگیا وہ کافی پریشان تھے کی اگر انہوں نے MFI ”چھوٹے قرضوں کے ادارہ“ کو قرض واپس نہ کیا تو پتہ نہیں کیا ہوگا۔



تسنیم نےMFI سے قرض لینے کا سوچا۔اس نے ادارے سے مکمل معلومات حاصل نہ کیں۔ اور جب اس نے رقم خرچ کر دی تو رقم واپس کرنے کے لیےاس نے دوسری تنظیم سے رقم ادھار لی۔اس نے یہ رقم بھی خرچ کردی جو کہ اس نے پہلا قرض ادا کرنے کے لیے لی تھی۔ دوسرا قرض چکانے کے لیے اس نے کسی تیسرے ذرائع سے قرض لیا اوراس طرح چوتھے سے۔اور جب اس کے قرض کی رقم بہت زیادہ ہوگئی تو تسنیم اوراس کا خاوند پکڑے گئے اورانہیں گاؤں والوں کے سامنے پیش کیا گیا۔تسنیم کو مجبور کیا گیا کہ وہ اپنے گھر کی چیزیں بیچ کر ادھار واپس کرے۔تسنیم اوراس کا خاندان بہت شرمندہ تھے۔گاؤں کے بڑوں نے بھی انہیں کہا کی تمہاری وجہ سے پورے گاؤں کو شرمندگی اٹھانی پڑی ہے۔ ان کے اس رویے کی وجہ سے دوسری تنظیمیں بھی اس علاقے میں رہنے والوں کو قرض دینے میں احتیاط کرتیں۔

# صارفین کے حقوق وفرائض کو یقینی بنانا

بینکوں اور مالیاتی اداروں کے صارفین کے حقوق کو تحفظ فراہم کرنے کیلئے مندرجہ ذیل نظام موجود ہے:



## اسٹیٹ بینک آف پاکستان میں ریڈریسل

اسٹیٹ بینک آف پاکستان میں ریڈریسل کا شعبہ بینکوں کے خلاف عوامی شکایات کا ازالہ کے ذریعے صارفین کے حقوق کی حفاظت کرتا ہے۔

آپ اپنی شکایات متعلقہ بینک یا مالیاتی ادارہ کی انتظامیہ کو جمع کروائیں 45 دن تک جوابی کاروائی کا انتظار کریں اگر ادارے کی طرف سے کوئی تسلی بخش جواب موصول نہ ہو تو آپ اسٹیٹ بینک آف پاکستان یا بینکنگ محتسب سے رابطہ کرسکتے ہیں۔ تاہم شکایات کو پہلے بینکنگ محتسب میں جمع کروانے کی ترغیب دی جاتی ہے۔

اسٹیٹ بینک آف پاکستان میں شکایات درج کروانے کا آسان طریقہ مندرجہ ذیل ہے:

1۔ بینک یا مالیاتی ادارے کی طرف سے اٹھائے گئے نقات کو مدِنظر رکھتے ہوئے بینکاری کے طریقوں اور قوائد وضوابط کی روشنی میں مزید کاروائی کی جاتی ہے۔

2۔ کسی بھی قانونی فورم کے ساتھ زیرِ التواء مقدمات یا کسی بھی قانونی کاروائی میں شامل مقدمات کی پیروی نہیں کی جائے گی۔

3۔ متعلقہ بینک یا مالیاتی ادارے کا اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے ساتھ منسلک ہونا ضروری ہے دیگر اداروں سے متعلق شکایات مثلاً سرمایہ کاری کے ادارے، لیزنگ کمپنیاں اور مدار بے اسٹیٹ بینک آفس پاکستان کے ماتحت نہیں ہیں۔

اپنی شکایات یہاں درج کروائیں:

ڈائریکٹر (شعبہ بینکاری برتاؤ اور تحفظِ صارف)

پانچویں منزل، اسٹیٹ بینک آف پاکستان،

آئی۔آئی۔ چندریگر روڈ، کراچی۔

فون: +92-21-99221147, 99221149

فیکس: +92-21-99221160, 99221154

ای میل: cpd.helpdesk@sbp.org.pk

ویب سائٹ: www.sbp.org.pk/cpd/complaints.asp



## بینکنگ محتسب آف پاکستان

بینکنگ محتسب کی تشکیل کا مقصد غیر رسمی اور دوستانہ مفاہمت کے عمل کے ذریعہ تنازعات حل کرنا ہے۔

اگر کوئی بھی شخص بینک سے موصول شدہ قرارداد سے مطمئن نہ ہو تو اپنی شکایات بینکنگ محتسب کے پاس جمع کرواسکتا ہے۔

شکایات جمع کروانے کیلئے مندرجہ ذیل مراحل سے گزرنا ضروری ہے:

1۔ آپ کی شکایات تحریری طور پر اس گوشوارے کے ساتھ بینک کے پاس جانی چاہیے کہ اگر شکایات کو حل نہ کیا گیا تو آپ بینکنگ محتسب سے رجوع کریں گے۔ بینک کے پاس شکایات کو حل کرنے کیلئے 45 دن کا وقت ہوتا ہے۔

2۔ اگر 45 دن تک کوئی بھی جواب موصول نہ ہو یا بینک کے جواب سے مطمئن نہ ہوں تو آپ اپنی شکایات بینکنگ محتسب کو جمع کرواسکتے ہیں۔

3۔ اوتھ کمشنر سے دستخط اور تصدیق شدہ شکایت فارم اپنی درخواست کی کاپی کے ساتھ بینکنگ محتسب کو جمع کروائیں۔

بینکنگ محتسب کی طرف سے فراہم کی جانے والی خدمات مفت ہیں۔

اپنی شکایات یہاں درج کروائیں:

بینکنگ محتسب پاکستان،

بینکنگ محتسب سیکریٹریٹ،

پانچویں منزل، شاہین کمپلیکس، P.O. Box No. 604، ایم۔آر۔کیانی روڈ، کراچی۔


فون: +92-21-9217334-39

فیکس: +92-21-99217375

ای میل: info@bankingmohtasib.gov.pk

ویب سائٹ: www.bankingmohtasib.gov.pk

# سِکو ہو گیا سیانا



# میرا مالیاتی منصوبہ

| تفصیل | ترجیحات | دورانیہ/وقت | مالیاتی خدمات |
|---|---|---|---|
| 1  تعلیم | | |   |
| 2  شادی | | |   |
| 3  گھر کی خرید | | |   |
| 4   گھر کی مرمت | | |   |
| 5  بیماری | | |   |

Session-08


**6**



مذہبی تہوار/تقریبات



**7**



کاروباری اثاثے



**8**



کاروباری سرمایہ




**9**



قدرتی آفات



**10**



بڑھاپا



**11**



موت



National Financial Literacy Programme

مزید معلومات کے لیے 221-000-111 (021) پر نیشن وائیڈ فنانشل لیٹریسی پروگرام سے رابطہ کریں۔